1/2016

Roll No.........................................

## B.U.M.S. 1ST YEAR SUPPLEMENTARY EXAMINATION 2016

### Paper No. BUM103

### KULLIYAT UMOORE TABIYA

*Time: 3 hours* | | *Max. marks : 75*

*Note: Attempt all questons. All parts of a question must be attempted in continuation.*

### حصہ الف

تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال ۱ نمبر کا ہے۔

۱ قوت مدبرہ بدن کا دوسرا نام کیا ہے؟

۲ جسم انسان کا کونسا عضو "مطبخ" کہلاتا ہے؟

۳ کیلوس کونسے ہضم کے نتیجہ میں پیدا ہوتا ہے؟

۴ کس چیز کے تغیر واستحالہ کے نتیجہ میں اخلاط پیدا ہوتے ہیں؟

۵ کونسی خلط "مرکب روح" کہلاتی ہے؟

۶ شریان وریدی اور ورید شریانی میں سے کس میں روح کی مقدار کم ہوتی ہے؟

۷ قوت فاعلہ قوی کی کس جنس سے متعلق ہے؟

۸ جلد کونسی قوت کا آلہ ہے؟

۹ خلط سودا سے کس عنصر کا مزاج ملتا ہے؟

۱۰ دم، بلغم، صفراء، سوداء، قوی اور افعال میں سے کن دو کے درمیان لازم وملزوم کا تعلق ہے؟

### حصہ ب

تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال ۲ نمبر کا ہے۔

۱ طب کی تعریف، موضوع اور غرض وغائیت لکھئے۔

۲ کیفیات اربعہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟

۳ منطقۂ معتدلہ شمالی کیا ہے؟

۴ اعضاء آلیہ کسے کہتے ہیں، مع مثال سمجھائیں۔

۵ افعال مفردہ کی تعریف وامثلہ بیان کریں۔

### حصہ ج

تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال ۵ نمبر کا ہے۔

۱ عنصر ہوا کا طبعی مقام اور اس کے وجود کا مقصد کیا ہے؟

۲ امام فخر الدین کے نزدیک معتدل ترین اقلیم اور اسکے دلائل کیا ہیں؟

۳ خدمت مؤدّیہ اور جہیّہ کو مع امثلہ تفصیل سے لکھیں۔

۴ مسالک روح سے کیا مراد ہے واضح کریں۔

۵ کمیت اور کیفیت کے فرق کو واضح کیجئے۔

2/2016

حصہ د

تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال ۱۰ نمبر کا ہے۔

۱۔ عناصر کے بارے میں فلاسفہ مشائین کا نظریہ، عناصر اربعہ کے امزجہ اور ان کے مقصد وجود کو وضاحت سے لکھیں۔

۲۔ معتدل طبی کی قسمیں لکھ کر معتدل شخصی بالقیاس الالخارج کو تفصیل سے لکھیں۔

۳۔ حواس خمسہ ظاہرہ و باطنہ کے نام لکھ کر قوت محرکہ پر تفصیل سے روشنی ڈالیں۔